پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

12/01/2022

25ویں قومی نوجوان میلا-2022 کا ورچوئل انعقاد آج سے شروع

لکھنؤ:12رجنوری2022

ڈپٹی ڈائرکٹر نوجوان بہبود جناب آزاد شتروشاہی نے بتایا کہ صوبائی تحفظ دستہ ڈائرکٹر جنرل اترپردیش میں 12 جنوری 2022 سے 25ویں قومی نوجوان میلا-2022 کا ورچوئل انعقاد کیا جارہا ہے۔محکمہ نوجوان بہبود کی ایڈیشنل چیف سکریٹری اور ڈائرکٹر جنرل محترمہ ڈمپل ورما نے سوامی وویکانند جی کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کرکے پروگرام کا افتتاح کیا۔انہوں نے بتایا کہ پوڈوچیری اس قومی نوجوان میلا کا اہم پروگرام جگہ ہے۔اس انعقاد میں ملک کے تمام ریاستی اور مرکزی ورچوئل سے جڑیں گے۔

ڈائرکٹر جنرل احاطہ میں وویکانند جلسہ گھر میں ریاستی سطح پر وویکانند یوتھ ایوارڈ تقسیم کا پروگرام بھی انعقاد کیا جائے جس میں ریاست کے مختلف اضلاع سے منتخب دس نوجوانوں کو شخصی زمرے میں اعزاز سے نوازتے ہوئے 50 ہزار کا چیک اور سند اور سوامی وویکانند کا مجسمہ دیا گیا۔اس پروگرام میں پہلا انعام 01 لاکھ روپئے کی رقم، دوسرا انعام 50 ہزار روپئے کی رقم، تیسرا انعام 25 ہزار روپئے کی رقم کا چیک منگل دل کو دیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆